Urdu

سروائیکل سکریننگNHS

فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد

پبلک ہیلتھ انگلینڈ (PHE) نے NHS کی طرف سے یہ کتابچہ تخلیق کیا ہے

سروائیکل سکریننگ معائینہ کرانے یا نہ کرانے کا انتخاب آپ پر منحصر ہے۔ اس کتابچے کا مقصد آپ کو فیصلہ کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے سروائیکل سکریننگ کو "سمیئر ٹیسٹ" کے نام سے پکارا جاتا تھا۔

ہم سروائیکل سکریننگ کی سہولت کیوں دیتے ہیں

NHS کا سروائیکل سکریننگ رحم کے نچلے حصے کا کینسر روکنے میں مدد دیتا ہے۔ اس طریقے کی بدولت ہر سال برطانیہ میں ہزاروں جانیں بچائی جاتی ہیں .[1,2]۔ انگلینڈ میں سروائیکل سکریننگ اِس وقت رحم کے کینسر کی وجہ سے ہونے والی 70 فیصد متوقع اموات سے بچاتا ہے اگر ہر کوئی سکریننگ کے عمل میں باقاعدگی سے شرکت کرے تو 83 فیصد تک متوقع اموات کو روکا جاسکتا ہے [3]۔

ہم کسے دعوت دیتے ہیں

ہم 25 سے 49 کی عمر تک ہر تین سال بعد اور 50 سے 64 سال کی عمر میں پانچ سال بعد سکریننگ کی دعوت دیتے ہیں۔ یہ اس لیے کیا جاتا ہے چونکہ اکثر سروائیکل کیسز انھی سالوں میں ہوتا ہے پہلا دعوت نامہ 25 سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے بھیجا جاتا ہے آپ دعوت نامہ ملنے کے فوراً بعد ملاقات کا وقت مقرر کرسکتے ہیں۔ ہم کچھ لوگوں کو سابقہ سکریننگ کے نتائج کی بدولت زیادہ تسلسل سے بلاتے ہیں (صفحہ 9 دیکھئے)۔

آپ کو اپنے جنسی رجحان، سابقہ جنسی تعلقات اور HPV ٹیکوں کے کورس سے قطع نظر سکریننگ کروانے پر ضرور غور کرنا چاہیے۔

اگر آپ کوئی ایسے مونث مرد ہیں جس کا اندراج عورت کے طور پر ہوا ہے تو ہم آپ کو سروائیکل سکریننگ کے لیے دعوت نامہ ارسال کریں گے۔ اگر آپ کا اندراج ایک مرد کے طور پر ہے تو آپ کو دعوت نامہ ارسال نہیں کیا جائے گا۔ تاہم رحم کا گردن نما حصہ ہونے کی بدولت آپ کا GP یا نرس ملاقات کا انتظام کرسکتا ہے۔ اگر آپ ایک مونث خاتون ہیں تو آپ کو سروائیکل سکریننگ کی ضرورت نہیں ہے

رحم کے نچلے حصے کا کینسر

رحم کے نچلے حصے کا کینسر رحم کے گردن نما حصے میں خلیات کی افزائش جوکہ بے قابو ہوتی ہے اور گلٹی کو جنم دیتی ہے (جو کہ ٹیومر بھی کہلاتا ہے)۔ جب ٹیومر بڑھتا ہے تو یہ خلیات رفتہ رفتہ جسم کے دوسرے حصوں میں پھیلنا شروع ہو جاتے ہیں اور زندگی کو سنگین خطرات درپیش ہو جاتے ہیں۔

رحم کا گردن نما حصہ آپ کی بچہ دانی (یا کوکھ) کا سب سے نچلا اور فرج کا اوپر کا حصہ ہوتا ہے



خواتین کے تولیدی نظام کی تصویر رحم فرج کے اوپر پایا جاتا ہے

HPV اور رحم کا کینسر

رحم کے تقریباً تمام کینسر ایک ایسے مرض سے جنم لیتے ہیں جسے Human papillomavirus (HPV) کہا جاتا ہے۔

HPV عام پایا جاتا ہے۔ زیادہ تر افراد زندگی کے کسی نہ کسی لمحے اس وبا سے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ مرد اور عورت کے جنسی تعلقات کے دوران جلد کے چھونے سے پھیلتا ہے۔ HPV کئی سال تک انسانی جسم میں رہ سکتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہ وبا سالوں تک کوئی مسئلہ نہ کرے اور اس کا سراغ لگانا بھی ناممکن ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ HPV کی وبا بہت عرصے قبل کے زندگی کے ہمسفر سے بھی مل سکتی ہے۔

HPV کی بہت ساری اقسام ہیں لیکن صرف چند اقسام ہیں جو کہ پُر خطر ہیں اور کینسر کو جنم دیتی ہیں۔ HPV کی وہ اقسام جو رحم کے کینسر کو جنم دیتی ہیں عمومی طور پر علامات ظاہر نہیں کرتیں۔ بہت سے واقعات میں آپ کا مدافعتی نظام اس وائرس کو آپ کی لاعلمی میں جڑ سے اُکھاڑ دیتا ہے۔ لیکن بعض اوقات HPV کے باعث رحم کے خلیات غیر معمولی طور پر بڑھتے ہیں۔

آپ کا جسم ان خلیات سے نجات حاصل کرسکتا ہے اور رحم اپنی معمول کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ لیکن بعض اوقات ایسا نہیں ہوتا اور غیر معمولی بڑھتے ہوئے خلیات کینسر جیسے موذی مرض کو جنم دیتے ہیں۔

رحم کے کینسر ہونے کے امکانات پر کیا چیز اثر انداز ہوتی ہے۔

سروائیکل سکریننگ کا عمل رحم کے کینسر کے امکانات کو کم کرتا ہے۔ سکریننگ غیر معمولی بڑھوتری دکھانے والے خلیات کو تلاش کرتی ہے تاکہ کینسر ہونے سے پہلے ہی اُن کو ختم کیا جاسکے۔

HPV اعضاء تناسل کے ارد گرد جلد پر پایا جاتا ہے اور کسی بھی قسم کے جنسی تعلقات کے ذریعے پھیل سکتا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کنڈوم یا ڈینٹل ڈیم کے ذریعے وبا کی روک تھام ممکن ہے لیکن یہ HPV سے مکمل حفاظت فراہم نہیں کرتے۔

تمباکو نوشی سے رحم کے کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے کیونکہ اس طرح سے انسانی جسم کے لیے HPV وبا سے چھٹکارا مشکل ہو جاتا ہے۔ تمباکو نوشی کی روک تھام سے متعلق معلومات درج ذیل لنک پر موجود ہیں www.nhs.uk/smokefree

HPV کے ٹیکے زیادہ درجے کے خطرے کے HPV خلیات سے بچاتے ہیں جوکہ رحم کے کینسر کا سبب بنتے ہیں۔ اگر آپ نے HPV کے حفاظتی ٹیکوں کا کورس مکمل کیا ہے تب بھی ضروری ہے کہ جب آپ کو دعوت دی جائے تو آپ سروائیکل سکریننگ کے بارے میں بغور سوچیں۔ اس کا مقصد دوسرے قسم کے حد درجہ خطرے کے حامل HPV کے خلیات سے بچنا ہے جو کہ رحم کے کینسر کا موجب بنتے ہیں۔

اگر آپ کے خاندان میں رحم کے کینسر کے مریض موجود رہیے ہیں تو اِس کے باعث آپ کے کینسر میں مبتلا ہونے کے امکانات پر کوئی خاطر خواہ فرق نہیں پڑے گا۔

سروائیکل سکریننگ کیسے کام کرتی ہے

سروائیکل سکریننگ کینسر کا ٹِسٹ نہیں ہے۔ یہ رحم میں غیر معمولی خلیات کی نشوونما کی جانچ پڑتال کرتی ہے۔ غیر معمولی طور پر بڑھنے والے خلیات کینسر کی شکل اختیار کرسکتے ہیں۔

اس ٹیسٹ مین رحم کی جلد سے ایک نرم برش کے ذریعے خلیات کا جھوٹا سا نمونہ حاصل کیا جاتا ہے۔ اس نمونے کو ایک چھوٹی سی پلاسٹک کی تھیلی میں ڈالا جاتا ہے اور تجربہ گاہ بھیجا جاتا ہے۔ اس کو ہر قسم کے HPV کے لیے جانچا جاتا ہے جو کہ رحم کے کینسر کا موجب بن سکتے ہیں۔ اگر آپ کو HPV کی سب سے عام اقسام کے منفی نتائج موصول ہوتے ہیں تو اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کے رحم کے کینسر میں مبتلا ہونے کے امکانات بہت تھوڑے ہیں اور غیر معمولی طور پر بڑھنے والے خلیات کو ڈھونڈنا ضروری نہیں ہے چاہے ماضی میں یہ موجود ہی کیوں نہ رہے ہوں۔

اگر آپ کا نمونہ مثبت نتائج دیتا ہے پھر ہم غیر معمولی بڑھوتری کے خاص خلیات کی نمونے چیک کریں گے۔ غیر معمولی خلیات کینسر نہیں ہیں لیکن یہ کینسر بن سکتے ہیں اگر ان کا علاج نہ کیا جائے تو۔

اگلے قدم کے طور پر ہم ایک اور جانچ پڑتال کا عمل متعارف کراسکتے ہیں (جس کو کلوپوسکوپی کہا جاتا ہے) تاکہ رحم کی زیادہ احتیاط سے جانچ پڑتال ممکن ہوسکے۔ اگر کلوپوسکوپی کے نتیجے میں ہمیں غیر معمولی بڑھوتری کے خلیات ملے تو ہم ان خلیات کو نکالنے کی تجویز دے سکتے ہیں۔ اس طرح سے سکریننگ رحم کے کینسر کے بچاؤ میں مدد فراہم کر سکتی ہے۔

کوئی بھی سکریننگ ٹیسٹ 100 فی صد مؤثر نہیں ہوتا سروائیکل سکریننگ میں یہ اس لئے ہوتا ہے کہ :

- HPV انفیکشن یا غیر معمولی خلیات کا کبھی کبھار سراغ نہیں لگایا جاتا (غلط نیگٹو نتائج)
- غیر معمولی خلیات سکریننگ ٹسٹس کے دوان کینسر کا موجب بن سکتے ہیں
- اس بات کا بھی معمولی اندیشہ ہے کہ ٹیسٹ غیر معمولی خلیات کی طرف اشارہ کرے جبکہ حقیقتاً ایسا کچھ بھی نہ ہوا ہو۔ (غلط پازیٹو نتائج)

اگر سکریننگ کے غیر معمول خلیات کا سراغ نہ لگ سکے تو اس بات کی کوئی ضمانت نہیں کہ آپ اس بیماری میں مبتلا نہیں ہیں یا آپ کو مستقبل میں یہ بیماری نہیں ہو سکتی۔

سروائیکل سکریننگ کے ذریعے

ڈاکٹرسے ملاقات سے قبل

سروائیکل سکریننگ عمومی طور پر ایک خاتون نرس یا ڈاکٹر سرانجام دیتی ہیں۔ اگر آپ اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ایک خاتون ہی ٹیسٹ کرے تو ٹیسٹ کے لیے وقت مقرر کرتے وقت اس کے متعلق پوچھ گچھ کی جاسکتی ہے۔

آپ کا مقرر کردہ دن ایسا نہیں ہونا چاہیے جس دن آپ کو ماہواری ہو۔ اگر آپ کی ماہواری نہیں ہے تو آپ کو کسی بھی وقت سکرین کیا جاسکتا ہے۔

براہِ مہربانی ٹیسٹ سے دو دن قبل سے فرج پر کسی قسم کی دوائیاں، چکنا کرنے والے مواد یا کریمیں لگانے سے پرہیز کریں کیونکہ یہ نتائج پر اثر انداز ہو سکتے ہیں

براہِ مہربانی اپنی نرس یا ڈاکٹر سے بات کریں اگر آپ:۔

- اُمید سے ہیں
- رحم براری کے عمل سے گزر چکی ہیں۔
- سمجھتی ہیں کہ آپ کے لیے یہ ٹیسٹ کروانا مشکل ہوگا۔

اگر آپ اس ٹیسٹ سے متعلق مُضطرب ہیں تو آپ اپنی نرس یا ڈاکٹر سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ وہ آپ کے تمام سوالات اور خدشات کے تفصیلی جوابات دے سکتی ہیں۔ اگر آپ سکریننگ کرانے کا فیصلہ کرتی ہیں تو وہ ایسے انتظامات کرسکتے ہیں جن کی مدد سے آپ زیادہ آرام دہ محسوس کریں۔

آپ کے طے شدہ ملاقات کے وقت۔

ٹیسٹ آپ کے صرف 1 سے 2 منٹ لے گا۔ اس سارے مرحلے میں عموماً 10 منٹ درکار ہوتے ہیں

نرس یا ڈاکٹر آپ سے درخواست کریں گے کہ کمر کے نیچے سے کپڑے اتار لیں (یا اگر آپ نے سکرٹ پہن رکھی ہے تو صرف زیر جامہ اتار لیں اور ٹانگیں کھول کر بیڈ پر لیٹ جائیں۔ آپ کے پاس ایک پیپر شیٹ یا تولیہ ہوگا جس سے آپ اپنا پیٹ اور کولہے ڈھانپ سکتی ہیں۔

وہ آپ کی فرج کے اندر سپیکیولم نامی آلہ ڈالیں گے اور اسے آرام سے کھولیں گے۔ اس سے انہیں آپ کے رحم کا صراحی دار حصہ دیکھنے میں آسانی رہے گی۔ سپیکیولم عام طور پر پلاسٹک کا بنا ہوتا ہے اور ہر سکریننگ ٹیسٹ کے لئے نیا استعمال ہوتا ہے۔ نرس یا ڈاکٹر ایک نرم برش کو استعمال کرتے ہوئے رحم کے صراحی دار حصے میں سے خلیات کا ایک نمونہ لیتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ اس عمل سے آپ کو تھوڑی سی تکلیف محسوس ہو لیکن یہ تکلیف جلد ہی ختم ہوجانی چاہئے۔ اگر آپ کو تکلیف محسوس ہو تو ڈاکٹر یا نرس کو مطلع کردیں اور وہ کوشش کریں گے کہ آپ کے لئے یہ عمل مزید آرام دہ بنا دیں۔

سکریننگ کا عمل آپ کے مکمل اختیار میں ہو گا اور آپ کسی بھی وقت اس سارے عمل کو روک سکتے ہیں۔



© Jo's سروائیکل کینسر ٹرسٹ

آنتوں کا معائنہ کرنے والا آلہ کے ذریعے سروائکل سکریننگ ٹیسٹ کے نمونے لینے اور ایک نرم برش کی تصویر

سروائیکل سکرینینگ کے نتائج

نرس یا ڈاکٹر آپ کو بتائیں گے کہ آپ اندازاً کب تک اپنے نتائج سے آگاہ کئے جائیں گے۔ اس عمل کے ممکنہ 4 نتائچ ہوسکتے ہیں۔

1- HPV نیگٹیو

HPV نیگٹیو سے مراد ہے کہ ہم اور کوئی ٹیسٹ نہیں کریں گے۔ اس نتیجے سے مراد یہ ہے کہ اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ آپ کے رحم میں کوئی غیر معمولی خلیات موجود ہیں۔ اگر ایسے خلیات ہیں بھی تو نہایت خلاف قیاس ہے کہ وہ کسی مسئلے کا سبب بن سکتے ہیں۔ ہم آپ کو اگلے تین یا پانچ سال میں آپ کی عمر کے مطابق دوبارہ بلا سکتے ہیں۔

2۔ HPV پازیٹو: کوئی غیر معمولی خلیات موجود نہیں -

اگر آپ کے نمونے سے کوئی HPV کے وبائی اثرات پائے گئے ہیں تو ہم اسے غیر معمولی خلیات کے لئے بھی جانچیں گے۔ اگر ایسا کچھ موجود نہیں تو آپ کے نتائج بتائیں گے کہ HPV کے اثرات موجود ہیں لیکن غیر معمولی خلیات نہیں پائے گئے۔ ہم آپ کو جلد ہی سکریننگ کے لئے دوبارہ بلائیں گے (آپ کے نتائج سے وقت معلوم ہوگا)۔ یہ اس لئے کہا جاتا ہے تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ آپ کے قدرتی مدافعتی نظام نے ان خلیات کا خاتمہ کردیا ہے (ایسا عموماً زیادہ تر واقعات میں ہوتا ہے)

3۔ HPV پازیٹو: غیر معمولی خلیات کی موجودگی

غیر معمولی خلیات کے مختلف 'درجے' پائے جاتے ہیں جیسا کہ کچھ درجے دوسروں درجوں سے زیادہ سنگین ہوتے ہیں۔ آپ کے نتائج کی رپورٹ نتائج کی تفصیل کو بیان کرے گی۔ اگر آپ میں HPV کے اثرات پائے گئے ہیں اور غیر معمولی خلیات کی موجودگی بھی ثابت ہوچکی ہے تو ہم آپ کو کلوپوسکوپی کے لیے ریفر کریں گے (صفحہ نمبر 11) ہم آپ کو اپنا معلوماتی کتابچہ "NHS سروائکل سکریننگ – کلوپوسکوپی کروانا" بھیجیں گے۔

4۔ ناکافی نتائج

کبھی کبھار کسی نمونے کو ناکافی قرار دیا جاسکتا ہے۔ یہ کسی تکنیکی مسئلے کی بنیاد پر ہوسکتا ہے مثلاً اگر کوئی تجزیہ گاہ آپ کے نمونے سے HPV کے اثرات نا ناپ سکے یا غیر معمولی خلیات کی موجودگی یا غیر موجودگی سے متعلق کوئی حتمی نتائج نا دے سکے۔ ناکافی نتائج کی صورت میں ہم آپ کو اگلے تین ماہ میں دوبارہ سرائیکل سکریننگ کی دعوت دیں گے۔ ہم نمونہ لینے کے لئے دوبارہ مناسب تعداد میں خلیات پیدا ہونے کا انتظار کریں گے۔



سروائیکل سکریننگ سے گزرنے والے 100 لوگوں کے نتائج کی تصویر

سکریننگ کے بعد نمونوں کا کیا کِیا جاتا ہے۔

آپ کی سکریننگ کے نتائج کے مطابق ممکن ہے کہ آپ کا نمونہ تجزیہ گاہ میں اگلے دس سال تک محفوظ رکھا جائے۔ آپ کے نتائج ایک قومی محفوظ کمپیوٹر سسٹم میں رکھے جائیں گے تاکہ NHS آپ کے تازہ ترین نتائج کا پچھلے نتائج سے موازنہ کرسکے۔

جانئے کہ پبلک ہیلتھ انگلینڈ اور NHS آپ کی سکریننگ کی معلومات کو کیسے استعمال کرتا ہے اور محفوظ رکھتا ہے۔ www.gov.uk/phe/screening-data

کلوپوسکوپی

کلوپوسکوپی عموماً ہسپتال میں کی جاتی ہے۔ ماہرین آپ کے رحم کا محدب عدسہ اور روشنی کے ذریعے بغور معائنہ کریں گے جو کہ کلوپوسکوپی کہلاتا ہے۔ وہ ٹشو کا ایک چھوٹا سا نمونہ لیں گے (تشخیص کے لئے) تاکہ رحم کے ان حلقوں کو دیکھ سکیں جو غیر معمولی نظر آرہے ہوں۔ اگر غیر معمولی خلیات کی نوعیت سنگین ہے تو شاید آپ کو انہیں ختم کرنے کے لئے علاج کی ضرورت پڑے۔ اس طرح رحم کے کینسر کو شکست دی جاسکتی ہے۔

کلوپوسکوپی کے بارے میں پڑھنے کے لئے مندرجہ ذیل لنک سے استفادہ کریں۔
www.gov.uk/government/publications/cervical-screening-colposcopy

سروائیکل سکریننگ کے متوقع فوائد اور خطرات

سروائیکل سکریننگ کروانے یا نہ کروانے کا اختیار آپ کے پاس ہے۔ کوئی فیصلہ کرنے میں مدد دینے کے لئے ہم نے متوقع فوائد اور خطرات پر معلومات شامل کی ہیں۔

متوقع فوائد

سروائیکل سکریننگ رحم کے کینسر سے بچنے میں مدد کرتا ہے۔ سروائیکل سکریننگ کی بدولت ہر سال برطانیہ میں ہزاروں جانیں بچائی جاتی ہیں .[1,2]

متوقع خطرات

سروائیکل سکریینگ کے تمام متوقع خطرات کولپوسکوپی کے دوران غیر معمولی خلیات کو ختم کرنے سے متعلق ہیں اور ان کا سروائیکل سکریننگ سے تعلق نہیں۔ غیر معمولی خلیات کا ختم کرنے سے کبھی کبھی خون بہہ سکتا ہے یا انفیکشن بھی ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ مستقبل کے تمام حمل متاثر ہوسکتے ہیں۔ جو خواتین غیر معمولی خلیات کو ختم کرانے کے بعد امید سے ہوتی ہیں،معیاری علاج کے بعد ان کے بچے کی جلدی پیدائش کا خطرہ نہی بڑھتا۔ اگر رحم کے زیادہ ٹشو ختم کرنے ہوں تو اس بات کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں کہ حمل 1 یا 2 مہینے جلدی ہوگا۔ یہ عمل تقریباً 16 فی صد خواتین (100 میں سے 16) کو متاثر کرتا ہے جو وسیع علاج کرواتی ہیں اور بچہ پیدا کرتی ہیں۔[4].

یہ ضروری نہیں جن خواتین کے غیر معمولی خلیات ختم کئے جائیں ان کا رحم کے کینسر میں مبتلا ہونا ضروری ہو۔ تاہم ہم ان تمام لوگوں کو علاج کی سہولت فراہم کرتے ہیں جن کے غیر معمولی خلیات کی تشخیص ہوجائے کیونکہ یہ یقنی بنانا ممکن نہیں ہے کہ کسے رحم کا کینسر ہو گا کسے نہیں۔

رحم کے کینسر کی علامات

اس بات کے وسیع امکانات موجود ہیں کہ باقاعدگی سے سکریننگ ٹیسٹ کروانے کے دوران کینسر پھیلنا شروع ہوجائے- یہ ضروری ہے کہ ہر اس چیز کی جانچ پڑتال کی جائے جو آپ کے لئے غیر معمولی ہو خاص طور پر:

- ماہواری کے علاوہ خون آنا، جنسی تعلقات قائم کرنے سے قبل یا بعد میں خون آنا یا حیض ختم ہونے کے بعد خون کے دھبے ظاہر ہونا
- رحم کے اخراج میں تبدیلی

سکریننگ علامات کی جانچ پڑتال کا آلہ نہیں ہے

اگر آپ کو کسی ایسی صورت حال کا سامنا ہے تو آپ اپنی اگلی سروائکل سکریننگ ملاقات کا انتظار نہیں کریں اپنے GP سے جلد از جلد ملاقات کریں آپ کا GP آپ کا معائنہ کرکے آپ کو امراض نسواں کے کسی کلینک بھیج سکتا ہے

ضروری نہیں کہ ان علامات سے مراد کینسر ہوتا ہے لیکن اگر آپ کو کینسر ہے تو اس کی بروقت تشخیص اور علاج کروانا ضروری ہے تاکہ آپ کی زندگی بچائی جاسکے

مزید معلومات اور مدد

اگر سروائیکل سکریننگ کے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہیں تو آپ اپنے GP یا نرس سے بات کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کسی مقامی کلینک میں بھی بات کرسکتے ہیں

سروائیکل سکریننگ کے متعلق مزید معلومات کے لئے
www.nhs.uk/cervical

کولپوسکوپی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے
www.gov.uk/government/publications/cervical-screening-colposcopy

سکریننگ کا اختیار ختم کرنے کے لئے ملاحظ کریں
www.gov.uk/phe/screening-opt-out

حوالہ جات

1- پیٹو- آر اور دوسرے- ۲۰۰۴ برطانیہ میں سروا ئیکل سکریننگ کی وبا جو سکریننگ کی وجہ سے ٹل گئی- لنسٹ ۳۵، ۲۵۶ اور ۲۴۹

2- کسٹن' A اور دوسرے2017 انسانی پیلو وائرس کے ذریعے سکریننگ سے انگلینڈ میں رحم کے کینسر کے کتنے واقعات کم کیے جا سکتے ہیں؟ میڈیکل سکریننگ کا جرنل، جلد ۲-۲۴، ۱۱۲-۱۱۰

3- پبلک ہیلتھ انگلینڈ صحت کا معاملہ- سروائیکل سکریننگ کو زیادہ قابل رسائی بنانا2017 رسائی ۱۴/۰۳/۲۰۱۹
www.gov.uk/government/publications/health-matters-making-cervical-screening-more-accessible/health-matters-making-cervical-screening-more-accessible--2

4- ساسینی، پی اور دوسرے 2015 رحم کی بیماریوں کی جراحی کے باعث قبل از وقت بچے پیدا ہونے کے خطرات دایا گری اور جینیات کا برطانوی جنرل ۱- ۱۴۲۹-۱۴۲۹

اس کتابچہ کا HTML ورژن دستیاب ہے آپ اس کو بڑے پرنٹ میں ملاحظہ کر سکتے ہیں اور ڈاوءن لوڈ بھی کر سکتے ہیں۔ ملاحظہ کریں
www.gov.uk/phe/cervical-screening-leaflet

ہم آپ کو بریل ورژن بھی بھیج سکتے ہیں۔ ای میل
phe.screeninghelpdesk@nhs.net

١- امیج کریڈٹ -٢ تصویرِی عکس
Shutterstock/Rawpixel.com
صفحہ نمبر ٨ Jo's سروائیکل کینسر ٹیسٹ

آپ یہ معلومات کسی بھی شکل اور وضع میں[لوگوز کے علاوہ] مفت استعمال کر سکتے ہیں۔ گورنمنٹ لائسنس کے تحت . جہاں ہم نے اور ذرائع سے معلومات لی ہیں وہاں آپ کو کاپی رائٹ ہولڈر سے اجازت لینی ہو گی۔

PHE جریدہ گیٹ وے نمبر GW-339

پہلی اشاعت جون ٢٠١٩
موجودہ اشاعت جون ٢٠١٩
اگلی نظرثانی: جون ٢٠٢٢

کتابچہ کے حوالہ جات **CSP14**
PN2464547
Crown copyright 2019 ©

پبلک ہیلتھ انگلینڈ ، UN کے پائیدار ترقیاتی اہداف کی حمایت کرتا ہے

SUSTAINABLE DEVELOPMENT GOALS

Corporate member of Plain English Campaign
Committed to clearer communication
339